## سوال

جس برتن میں سے کتا کوئی چیز پی لے اس کو کتنی دفعہ دھویا جائے ؟

## جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جس برتن سے کتا منہ لگا کے پی جائے اسے سات مرتبہ پانی کے ساتھ دھونا ضروری ہے، ایک مرتبہ مٹی کے ساتھ دھویا جائے گا۔

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

إِذَا وَلَغَ الْكَلْبُ فِي إِنَاءِ أَحَدِكُمْ فَلْيُرِقْهُ ثُمَّ لِيَغْسِلْهُ سَبْعَ مِرَارٍ (صحیح مسلم، الطھارۃ : 279)

جب تم میں سے کسی کے برتن میں کتا زبان کے ساتھ پی لے تو وہ اس چیز کو بہا دے، پھر برتن کو سات دفعہ دھولے۔

دوسری حدیث میں سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

طَهُورُ إِنَاءِ أَحَدِكُمْ إِذَا وَلَغَ فِيهِ الْكَلْبُ، أَنْ يَغْسِلَهُ سَبْعَ مَرَّاتٍ أُولَاهُنَّ بِالتُّرَابِ (صحیح مسلم، الطھارۃ : 279)

جب تمہارے برتن میں سے کتا پی لے، تو اس کی طہارت (پاک ہونا) یہ ہے کہ اسے سات دفعہ دھوئے، پہلی دفعہ مٹی کے ساتھ دھوئے۔

**مندرجہ بالا دونوں حدیثوں میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کتے کی نجاست کو پاک کرنے کی کیفیت بیان فرمائی ہے کہ برتن سات بار دھویا جائے جن میں ایک بار مٹی کے ساتھ دھونا بھی شامل ہے۔**

والله أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دارالافتاء محدث